## سوال

مریض کی جب کئی نمازیں فوت ہوجائیں توکس طرح قضاء دے ؟

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک مریض کا اپریشن ہواجس کی وجہ سے اس کی کئی نمازیں فوت ہوگئیں توکیا شفایاب ہونے کے بعدوہ ان سب نمازوں کواکٹھا پڑھ لے یا صبح کی نماز کو صبح کے ساتھ اور ظہر کی نماز کو ظہر کے ساتھ ادا کرے ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

یہ شخص فوت شدہ نمازوں کوایک ہی وقت میں ادا کرسکتا ہے کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی غزوہ خندق کے موقعہ پرجب نماز عصر فوت ہوگئی توآپ نے اسے مغرب سے پہلے پڑھا تھا( صحیح بخاری کتاب المغازی باب غزوۃ الخندق وہی الاحذاب ۔4112/4111))لہذاجب کسی انسان کی کچھ فرض نمازیں فوت ہوجائیں وہ ان سب کواکٹھا پڑھے اور مزید موخرنہ کرے ۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

# ج1ص527

محدث فتویٰ